آئی لو محمد ﷺ مہم کے سلسلے میں گرفتاریوں کی سخت مذمت

حیدرآباد۔/3اکٹوبر(سفیر نیوز/صدائے حسینی)تحریک مسلم شبان کے زیر اہتمام اعظم پورہ حیدرآباد میں ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں I LoveMohammad ﷺ مہم کے سلسلے میں درج مقدمات اور گرفتاریوں کی سخت مذمت کی گئی۔اجلاس میں کہا گیا کہ معروف عالم دین مولانا توقیر رضا خان اور دیگر افراد پر سنگین دفعات عائد کرنا اور انہیں گرفتار کرنا نہ صرف غیر منصفانہ ہے بلکہ اظہارِ عقیدہ و محبت رسول ﷺ پر قدغن لگانے کے مترادف ہے۔مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بے بنیاد مقدمات فی الفور واپس لئے جائیں اور گرفتار شدگان کو رہا کیا جائے انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کے پرامن دینی جذبات کو کچلنے کی کوئی بھی کوشش ناقابلِ قبول ہے۔جناب مشتاق ملک بانی وصدر تحریک مسلم شبان نے اس موقع پر اعلان کیا کہ اگر مقدمات واپس نہ لئے گئے تو پرامن احتجاجی تحریک چلائی جائے گی اور اس سلسلے میں جلد ہی آئندہ حکمتِ عملی کا اعلان کیا جائے گا۔اس اجلاس میں حجتہ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی (رکن حج کمیٹی تلنگانہ) اور دیگر نے شرکت کی۔

وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور جاپان کے وزیر نے (HSR) کے تعمیراتی مقام کا دورہ کیا

سورت۔ 3/ اکٹوبر(سفیر نیوز /صدائے حسینی)وزیر ریلوے جناب اشوینی وشنو اور جاپان کے وزیر برائے زمین بنیادی ڈھانچہ، ٹرانسپورٹ و سیاحت معالی ہیرومسا ناکانو نے آج سورت ہائی اسپیڈ ریل (HSR) کے تعمیراتی مقام کا دورہ کیا۔ہیرومسا ناکانو آج سورت ایئرپورٹ پہنچے جہاں ان کا روایتی گربہ استقبال کیا گیا اس موقع پر وزیر ریلوے اشوینی وشنو بھی موجود تھے۔دونوں وزرا نے پروجیکٹ کے اہم پہلوں کا جائزہ لیا جن میں ٹریک سلاب بچھانے والی مشین اور ٹریک سلاب ایڈجسٹمنٹ سہولت شامل ہیں۔انہوں نے تعمیراتی معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے تیز رفتار کام کی رفتار کی بھی ستائش کی۔یہ دورہ بھارت اور جاپان کے درمیان مضبوط تعاون کی عکاسی کرتا ہے جو کہ ملک کے پہلے ہائی اسپیڈ ریل کوریڈور کے نفاذ میں اہم سنگ میل ہے۔

لیہہ پولیس نے ڈی جی پی کی فرضی ویڈیو کے متعلق ایف آئی آر درج کی

لداخ، 3 اکٹوبر (ہ س)۔لیہہ پولیس نے ڈی جی پی کی فرضی ویڈیو کے پس پردہ عناصر کی شناخت اور گرفتاری کے لیے ایف آئی آر درج کی ہے، جس میں لداخ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی پی) ایس ڈی سنگھ جموال کے نام سے غلط بیان منسوب کیا گیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) کے مطابق یہ ویڈیو ڈیپ فیک ہے، جس میں جھوٹا دعویٰ کیا گیا ہے کہ ماحولیاتی کارکن سونم وانگچک کو وزیر دفاع کی ہدایت پر گرفتار کیا گیا۔ یہ ویڈیو تیزی سے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہوگئی ہے۔ضلع پولیس لیہہ نے ایک بیان میں کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ڈیپ فیک ویڈیو گردش کر رہی ہے، جس میں ڈی جی پی لداخ کے نام سے جھوٹے بیانات منسوب کیے گئے ہیں۔ اس ویڈیو کو بدنیتی پر مبنی ارادوں کے تحت ڈیجیٹل طور پر تیار کیا گیا ہے اور اس سے خطے کے امن و امان کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ اس سلسلے میں پولیس اسٹیشن لیہہ میں ایف آئی آر نمبر 148 درج کی گئی ہے، جس میں بھارتیہ نیائے سنہیتا کی دفعات 353(2)، 356 اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکٹ 2000 کی دفعات 66 سی اور 66 ڈی شامل ہیں۔ معاملے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی ویڈیو یا پیغام کو شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق ضرور کریں۔ بیان میں کہا گیا کہ ایسی گمراہ کن اور جھوٹی معلومات کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ اگر کسی فرد کو ایسا مواد یا ویڈیو ملے تو فوری طور پر سائبر سیل لیہہ کو اطلاع دیں۔ یاد رہے کہ 30 ستمبر کو پی آئی بی کی فیکٹ چیک یونٹ نے بھی تصدیق کی تھی کہ ڈی جی پی لداخ کی ڈیجیٹلی ایڈیٹ شدہ ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے، جس میں انہیں یہ کہتے دکھایا گیا ہے کہ سونم وانگچک کو وزیر دفاع کی ہدایت پر گرفتار کیا گیا۔

جوبلی ہلز انتخاب میں انقلاب سینا پارٹی بھی میدان میں
ایم ایم حسین کا میڈیا سے خطاب

حیدرآباد۔ / 3اکٹوبر(سفیر نیوز /صدائے حسینی)انقلاب سینا پارٹی کے جنرل سکریٹری جناب ایم ایم حسین نے دسہرا تہوار کے موقع پر ریاست کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اعلان کیا کہ جوبلی ہلز میں ہونے والے ضمنی انتخاب میں ان کی پارٹی بھی حصہ لے رہی ہے اور امیدوار کے نام کا بہت جلد اعلان کیا جائے گا۔انہوں نے حلقہ جوبلی ہلز کے عوام سے وعدہ کیا کہ اگر انقلاب سینا پارٹی کا امیدوار کامیاب ہوتا ہے تو 1، ہر راشن کارڈ ہولڈر کو ماہانہ 1500 روپئے دیئے جائیں گے، 2. کرایہ کے مکان میں رہنے والوں کو ہر ماہ نصف کرایہ دیا جائے گا، 3. حلقہ کے 478 خانگی اسکولوں کے طلبہ وطالبات کی آدھی فیس پارٹی کی جانب سے ادا کی جائے گی۔انہوں نے سابقہ کی بی آر ایس حکومت اور موجودہ کانگریس حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 20 برسوں میں جوبلی ہلز میں کوئی قابلِ ذکر تبدیلی نہیں آئی ان حکومتوں نے صرف وعدے کئے لیکن ان پر عمل درآمد نہیں ہوا۔انہوں نے کہا کہ بارش کے موسم میں آج بھی حلقہ کے کئی علاقے خصوصاً ٹولی چوکھی جھیل کی شکل اختیار کر لیتے ہیں جس سے مقامی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ انقلاب سینا پارٹی سچائی اور اتحاد کی علمبردار ہے اور ترقی، شفافیت اور برابری کے مواقع کی پابند ہے۔ایم ایم حسین نے حلقہ جوبلی ہلز کے ووٹرس سے اپیل کی کہ وہ انقلاب سینا پارٹی کو ووٹ دیں کیونکہ آپ کی آواز ہی ہماری طاقت ہے۔

WITH THE BEST COMPLIMENTS FROM :
WATAN PICKLES
Since 1990
THE REAL TASTE
Shop No : 22-7-555 & 552/1, Near Mir Chowk P.S., Mir Alam Mandi Road, Hyderabad. T.S.
E-mail : watanpickles@gmail.com
Cell : 9949627230

MOHAMMED MAHMOOD KHAN
Proprietor
Ph. 040-24570649, 9394570649 @nawazbedcentre_furniture
9885483261, 7013440051
NAWAZ BED CENTRE
FURNITURE & HOME DECOR
نواز بیڈ سینٹر
فرنیچر اینڈ ہوم ڈیکور
Beside Masjid-e-Amina Ashraf, Talab Katta Main Road, Hyderabad

شیعہ جامع مسجد کشمیری گیٹ میں
جشن رحمت للعالمینؐ و امام حسن عسکریؑ
فروغ عزا میں اہم کردار ادا کرنے والی شخصیات کو ایوارڈ سے نوازہ گیا، شعرا کرام نے منظوم نذرانہ عقیدت پیش کیا

نئی دہلی۔3/اکٹوبر(ای میل)بسلسلہ جشن عید میلاد النبیؐ و یوم ولادت امام حسن عسکری، دہلی کی شیعہ جامع مسجد کشمیری گیٹ میں تنظیم کاروان عزا (مرزا ریاض علی) کے زیر اہتمام محفل مقاصدہ وسیمنار بعنوان جشن رحمت للعالمینؐ و امام حسن عسکری اور تقریب برائے تقسیم ایوارڈ کا انقاد کیا گیا۔اس تقریب کو دو حصوں میں منعقد کیا گیا جس کا پہلا حصہ سیمنار کے طور پر منعقد کیا گیا جس کی صدارت مولانا محسن علی تقوی امام جمعہ شیعہ جامع کشمیری گیٹ نے فرمائی۔نظامت کے فرائض مولانا قرطاس نقوی نیا نجام دئے۔تقریب کی ابتدا قاری حجت قمی کی تلاوت کلام پاک سے ہوئی۔اس موقع پر مفسر قرآن مولانا رئیس احمد جارچوی، مولانا سید امام حیدر زیدی، مولانا سید عزادار حسین زیدی اور مولانا ڈاکٹر حسن کمیلی نے امام حسن عسکری کے فضائل بیان کئے ساتھ ہی عصر حاضر میں ایک مومن کو کس طرح کا ہونا چاہئے، امام نے اس کی کیا پہچان بتائی اور انسانی زندگی میں کس طرح سے عمل کرنا چاہئے ان تمام باتوں پر مفصل گفتگو کی۔محفل میں شاعر اہلبیت آصف جلال بجنوری، حیدر کرتپوری، محسن اورنگ آبادی، حکیم ضرغام حیدر، نقی شکار پوری، مولانا حیدر جعفری، ہدایت علی، انجم جعفری، شان زیدی، عمران زیدی، حاجی شرافت علی وغیرہ نے منظوم نذرانہ عقیدت پیش کیا۔محفل میں رونق مسند کے طور پر رونق مسند، مولانا مردان علی نقوی، مولانا علی انور، مولانا حیدر جعفری وغیرہ نے شرکت کی۔تقریب کے روح رواں، خادم عزا ماسٹر مرزا ریاض علی نمائندہ کو بتایا کہ یہ تقریب سیمنار اور محفل مقاصدہ تو ہے ہی ساتھ ہی جن افراد نے فروغ عزا میں اہم ترین کردار ادا کیا، وہ نوحہ خوانی ذاکری، شاعری مرثیہ خوانی وغیرہ کے حوالے سے اپنے اپنے علاقے میں یا پھر جہاں جہاں بھی انہوں نے فروغ عزا کے لئے خدمات انجام دی ہیں وہ سبھی لائق ستائش ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کے لئے ہم نے علما کرام کے ہاتھوں سے ایوارڈ دلائے ہیں۔دوسرا سیشن تقریب برائے تقسیم ایوارڈ رہا جس میں شہید سبط جعفر یادگاری ایوار مرثیہ خواں سید خورشید اکبر زیدی، سید سلمان رضوی بٹی، انجم جعفری کربلائی اور علی نقی کو دیا گیا۔اسی طرح میر ببر علی انیس اور مرزا سلامت علی دبیر یادگاری ایوارڈ، شاعر اہلبیت حیدر کرتپوری، محسن اورنگ آبادی، آصف جلال بجنوری، حکیم ضرغام حیدر، مجاور سانکھنوی اور سید علی شاہ زیدی کو دیا گیا۔اس موقع پر امامیہ ہال پچکوئیہ روڈ کے مرحوم امام مولانا شیخ ممتاز علی کے نام سے، ظفر حسین، وسیم ریاض، محمد ضامن رجیٹوی، کمیل عباس، ہدایت علی، آغا حسین مرزا فیصل قزلباش، مشیر اختر، سلمان حیدر، آصف زیدی آشو، حسن علی، شوذب مرزا، مونس حسین، محمد مجتبی زیدی، عمران زیدی، شان زیدی، مصطفیٰ مہدی، ڈاکٹر یوسف رضا کو دیا گیا۔اس کے علاوہ شیعہ جامع مسجد کے امام جمعہ والجماعت رہے اور مولانا سید محسن علی تقوی کے دادا مرحوم مولانا سید صغیر حسن تقوی یادگاری ایوارڈ جیسا اہم ترین ایوارڈ سن رسیدہ عزادار حسینی سید تقوی رضا نقوی امرو ہوی جو کہ شیعہ جامع مسجد کشمیری گیٹ کے اب تک موجود سب سے پرانے نمازی بھی ہیں کو دیا گیا۔تقریب میں دہلی کی مختلف سرکردہ سماجی علمی شخصیات نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

قم المقدسہ میں شہیدِ مقاومت
سید حسن نصر اللہؒ کی پہلی برسی پر شعری نشست

قم۔3/اکٹوبر(حوزہ نیوز ایجنسی/صدائے حسینی)شہید سید حسن نصر اللہ کی پہلی برسی کے موقع پر پوری دنیا میں مجالس اور پروگرام منعقد کئے گئے۔اسی سلسلے میں علمی مرکز قم دمجتمع آموزش عالی فقہ میں بھی ایک پر وقار بزمِ شعر وادب سجائی گئی، جہاں شہید سید حسن نصر اللہ، شہید سید صفی الدین اور ان کے رفقائے شہادت کو یاد کیا گیا۔اس موقع پر حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا سید شمع محمد رضوی نے اپنے پر اثر اشعار کے ذریعے خراجِ عقیدت پیش کیا۔آپ نے کہا: "شہید حسن نصر اللہ آسمانِ مقاومت کا درخشندہ ستارہ اور اسلامی اخلاق کا پیکر تھے۔ایک عمر جہاد فی سبیل اللہ کے بعد شہادت کی سعادت پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔" مولانا شمع محمد رضوی نے اپنے کلام میں اس بات پر زور دیا کہ شہید سید حسن نصر اللہ کی زندگی اسرائیل کے خلاف مسلسل جدوجہد سے عبارت تھی، اور ان کی شہادت پر دشمن کا خوش ہونا محض خام خیالی ہے۔آپ نے کہا کہ حزب اللہ کے عظیم رہنما کی شہادت دراصل صیہونی حکومت کی بزدلانہ دہشتگردی ہے، جس سے ان کے بدنما چہرے مزید عیاں ہوئے ہیں۔

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے سابق وزیر رام ریڈی دامودر ریڈی کے جسدِ خاکی کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور دامودر ریڈی کے اہلِ خانہ سے ملاقات کرتے ہوئے تعزیت پیش کی۔

تلنگانہ میں چار نئے کیندریہ ودیالیوں کا قیام

حیدرآباد۔ 3/ اکٹوبر (نیوز کلب) تلنگانہ میں سیول سیکٹر کے تحت چار نئے کیندریہ ودیالیوں کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ مرکزی وزیر کوئلہ و معدنیات جی کشن ریڈی نے یہ اعلان کیا۔انہوں نے ایک بیان میں بتایا کہ یہ اسکول بھدرادری کتہ گوڑم مستقر، ملگ مستقر، جگتیال۔جگتیال اور منڈل۔چینگل اور ونپرتی۔ ناگارام سیوار میں قائم کئے جائیں گے۔تلنگانہ میں پہلے ہی سے 35 کیندریہ ودیالیہ ہیں اور ان چار اسکولوں کے قیام سے ان اسکولوں کی تعداد 39 ہوجائے گی۔

آج مسجد عزیزیہ میں
'ملک کے بدلتے حالات اور امت کا لائحہ عمل' کے عنوان پر
ڈاکٹر اسلام الدین مجاہد کا خصوصی خطاب

حیدرآباد / 3اکتوبر (پریس نوٹ) جماعت اسلامی ہند مہدی پٹنم کے زیر اہتمام / 4اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز مغرب مسجد عزیزیہ ہمایون نگر، مہدی پٹنم میں اجتماع عام منعقد ہوگا۔ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سکریٹری برائے رابطہ عامہ، جماعت اسلامی ہند عظیم تر حیدرآباد "ملک کے بدلتے حالات اور امت کا لائحہ عمل "کے عنوان پر خصوصی خطاب کرینگے۔خواتین کیلئے مسجد کے سیلر میں پردہ کیساتھ انتظام رہے گا۔امیر مقامی جماعت اسلامی ہند مہدی پٹنم نے عامۃ المسلمین سے استفادہ کی خواہش کی ہے۔

تلاش گمشدہ

حیدرآباد۔/3اکٹوبر) سفیر نیوز/صدائے حسینی (سید علی حسن رضوی کے اہلِ خانہ نے اطلاع دی ہیکہ وہ 2اکٹوبر بروز جمعرات کو گھر سے نکلے تھے لیکن تاحال واپس نہیں ہوئے اہلِ خانہ سخت پریشانی اور تشویش میں مبتلا ہیں۔عوام الناس سے پرزور گزارش ہے کہ اگر کسی کو سید علی حسن رضوی کے بارے میں کوئی اطلاع یا سراغ ملے تو فوری طور پر اطلاع دیں۔رابطہ کے لیے فون نمبرس: / 8179555401 -8179682025

اردو یونیورسٹی میں
''سوچھتا ہی سیوا 2025 مہم'' کی اختتامی تقریب

حیدرآباد،3/اکتوبر(پریس نوٹ)صفائی محض ایک مہم نہیں بلکہ زندگی کا لازمی حصہ ہے۔ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید علیم اشرف جائسی (ڈین اسٹوڈنٹس ویلفیئر) نے کیا۔وہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (مانو) کے ثقافتی سرگرمی مرکز، ڈین بہبودی طلبہ کی جانب سے ''سوچھتا ہی سیوا 2025'' مہم کے تحت انعامات کی تقسیم کی تقریب سے مخاطب تھے۔یہ مہم وزارتِ تعلیم کی جانب سے ''سوچھ بھارت مشن'' کے تحت 17 ستمبر تا 2 اکتوبر 2025 چلائی گئی۔اس مہم کے دوران طلبہ برادری میں صفائی اور حفظان صحت کے متعلق شعور بیداری کے مقصد سے کئی ایک ادبی وثقافتی مقابلے منعقد کیے گئے جن میں مضمون نویسی، اسٹالیشن، کوئز، نکڑ ناٹک، اوپن مائک وغیرہ کے مقابلے شامل ہیں۔2/اکتوبر کو سوچھ بھارت مشن مہم کی اختتامی تقریب میں مقابلوں کے فاتحین میں انعامات تقسیم کیے گئے۔پروفیسر علیم اشرف نے بحیثیت مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے طلبہ کی سرگرم شمولیت کی ستائش کی اور کہا کہ ایسی سرگرمیاں نوجوانوں میں بیداری اور ذمہ داری کا شعور پیدا کرتی ہیں۔تقریب میں کلچرل کوآرڈینیٹر معراج احمد، ڈاکٹر جرار احمد (صدر یو ایف اے سی)، ڈاکٹر عبدالقدوس (اسسٹنٹ رجسٹرار، اسٹیٹ سیکشن) اور مختلف کلبوں کے سکریٹریز وارکان شریک رہے۔اس پروگرام میں مختلف مقابلوں میں کامیاب طلبہ کو انعامات سے نوازا گیا۔اساتذہ، عملہ اور طلبہ نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا اور ''سوچھتا ہی سیوا'' کے جذبے کو تازہ کیا۔تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر جرار احمد نے تمام معاونین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا جن کی کوششوں سے مہم اور تقریب کامیابی سے ہمکنار ہوئی۔

شاعر پرسا دریڈی کے دیہانت پر کے کویتا کا اظہار تعزیت

حیدرآباد۔10/اکٹوبر(پریس نوٹ)صدر تلنگانہ جاگروتی کلوا کنٹلہ کویتا نے آج گڈی انارم میں معروف شاعر کے شیوا ریڈی کے گھر پہنچ کر ان کے فرزند ممتاز مصور اور شاعر کے شمبھو پرساد ریڈی کے حال ہی میں دیہانت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔کلوا کنٹلہ کویتا نے شیوا ریڈی کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور آنجہانی پرساد ریڈی کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ شمبھو پرساد ریڈی نہ صرف ایک باصلاحیت مصور اور شاعر تھے بلکہ تخلیقی دنیا میں اپنی انفرادیت اور فن کے ذریعہ ایک نمایاں مقام کے حامل تھے۔ان کے دیہانت سے ادبی دنیا کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔اس موقع پر کویتا نے اہل خانہ کو ہمت وصبر کی تلقین کی اور کہا کہ پورا ادبی وثقافتی حلقہ ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔قبل ازیں کلوا کنٹلہ کویتا نے پروفیسر این گوپی (سابق وائس چانسلر تلگو یونیورسٹی) کے مکان پہنچ کر ان کی اہلیہ کے دیہانت پر رنج وغم کا اظہار کیا اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

ڈاکٹر اے چندر شیکھر اسابق وزیر اور کانگریس پارٹی انچارج ظہیرآباد مقامی پارٹی قائدین کے ساتھ عوام کو دسہرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے۔

مرزا عمران اصفہانی نے بنگلور میں چیئرمین سینٹرل ریلیف کمیٹی حکومت کرناٹک جناب اغا سلطان صاحب کو آج جائزہ حاصل کرنے کے بعد مُبارک باد دی

Mirza Shabbir Prop.
Cell : 9392341078
9573264110
M.S.
PAINTING & POLISHING CONTRACTOR
Spl. In : WALL DESIGNING, WALL PAINTING, ROYAL PUTTI, TEXTURE, DOOR POLISHING, JHOOLA WORKS, ALTEK LUPPAM
ALL TYPES OF PAINTING WORKS
Bada Bazar, Yakutpura, Hyderabad.

SCR نے 'سواچھتا ہی سیوا 2025' کے تحت حلف کیساتھ صفائی مہم کا کیا انعقاد

حیدرآباد۔/2اکٹوبر) سفیر نیوز/صدائے حسینی (ساتھ سنٹرل ریلوے جنرل منیجر جناب سنجے کمار شریواستو نے کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن پر سواچھتا حلف دلوا کر شراکت داری کے ساتھ سواچھتا پروگرام میں حصہ لیا۔ساتھ سنٹرل ریلوے نے 17 ستمبر سے 2اکتوبر 2025 تک "سواچھتا ہی سیوا "مہم چلائی۔"سواچھتا ہی سیوا "کے موضوع پر یہ مہم 17 ستمبر 2025 کو شروع ہوئی تھی اور آج یعنی 2اکتوبر 2025 کو مہاتما گاندھی جینتی کے موقع پر اختتام کو پہنچی۔اس موقع پر جنرل منیجر جناب سنجے کمار شریواستو نے کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن پر افسران کو سواچھتا کا حلف دلایا اور صفائی کے کاموں کی قیادت کی۔اس پروگرام میں ایڈیشنل جنرل منیجر جناب ستیا پرکاش، حیدرآباد ڈویژن کے ڈویژنل ریلوے منیجر جناب سنتوش کمار ورما اور دیگر سینئر افسران بھی شامل ہوئے۔جنرل منیجر نے افسران اور ملازمین کے ساتھ مل کر کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں صفائی کی۔انہوں نے اسٹیشن پر صفائی کرنے والے ملازمین) سفائی متر (کو اعزاز سے نوازا اور مضمون نویسی وڈرائنگ مقابلوں کے فاتحین کو انعامات دیے۔عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے ریلوے ملازمین نے "سواچھتا "کے موضوع پر اسٹریٹ پلے پیش کیا اور ثقافتی پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔اس موقع پر جناب سنجے کمار شریواستو نے کہا کہ آج ہم "سواچھ بھارت مشن "کا 11واں یوم تاسیس منا رہے ہیں صفائی صرف ایک دن کا پروگرام نہیں بلکہ سال بھر ہر دن کی عادت بنانی چاہئے۔ٹرینوں، اسٹیشنوں اور آس پاس کے علاقوں کو صاف رکھنا ہر شہری کا فرض ہے۔انہوں نے افسران اور ملازمین کو مشورہ دیا کہ وہ سواچھتا مہم میں سرگرمی سے حصہ لیں اور اپنے اہل خانہ و پڑوسیوں کو بھی سواچھ بھارت مشن میں شامل ہونے کی ترغیب دیں۔حیدرآباد ڈویژن کی کاچی گوڑہ اسٹیشن پر اس پروگرام کے انعقاد میں کی گئی محنت کو انہوں نے سراہا۔ساتھ سنٹرل ریلوے 2 اکتوبر سے 15اکتوبر تک "سواچھتا پکھواڑا" مہم بھی چلائے گی۔ اس مہم کے دوران اسٹیشنوں، ٹرینوں، پٹریوں، کالونیوں، دفاتر کے احاطوں وغیرہ میں صفائی پر زور دیتے ہوئے عوامی بیداری پروگرام، خصوصی ڈرائیوز اور صفائی مہمات منعقد کی جائیں گی۔ ورکشاپس، ڈپو، اسپتالوں، صحت یونٹس، کالونیوں اور دیگر ریلوے اداروں میں صفائی کے حوالے سے عملی نتائج لانے کی کوشش کی جائے گی۔"سواچھتا ہی سیوا "مہم کا مقصد عوام، مسافروں اور ریلوے برادری میں "سواچھ ریل سواچھ بھارت "مشن کی اہمیت اجاگر کرنا ہے۔بہتر صفائی کی عادات اپنانے کے لیے بڑے پیمانے پر آگاہی مہمات بھی چلائی جائیں گی۔پورے انڈین ریلوے میں "اسپیشل کیمپین "5.0 کے دوران 2اکتوبر سے 31اکتوبر 2025 تک صفائی کو ادارہ جاتی شکل دینے اور زیر التوا مسائل کے حل کے لئے کئی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔